# کونپل

تعلیمی اور تربیتی نصاب

۵ سال تک کی عمر کے بچوں کیلئے



## ( احمدی بچوں کی تعلیم وتربیت کے لئے )

ہر بچہ فطرتِ صحیحہ پر پیدا ہوتا ہے۔ اور نیکی کی روح اپنے اندر رکھتا ہے پھر اُس کے ماں باپ اُسے سکھا کر کبھی یہودی بنا دیتے ہیں۔کبھی نصرانی بنا دیتے ہیں اور کبھی مجوسی بنادیتے ہیں۔ (بخاری کتاب الخبائز)

تم جانتے ہو برسات میں جب آم کی گٹھلیاں زمین میں اُگ آتی ہیں تو بچّے اُکھیڑ کر اُس کی پیپیاں بناتے ہیں . لیکن اگر اُس آم کی گٹھلی پر پانچ برس گزر جائیں تو باوجودیکہ یہ لڑکا بھی پانچ چھ برس گزرنے پر جوان اور مضبوط ہوجائے گا لیکن پھر اُس کا اُکھیڑنا دشوار ہوجائے گا پس معلوم ہوا کہ جب تک جڑ زمین میں مضبوطی کے ساتھ نہ گڑ جاوے اُس وقت تک اُکھیڑنا آسان ہے اور جڑ مضبوط ہوجانے کے بعد دُشوارعادات و عقائد بھی درخت کی طرح ہوتے ہیں. بُری عادت کا اب اُکھیڑنا آسان ہےلیکن جڑ پکڑ جانے کے بعد اُنہیں اُکھیڑنا یعنی اُن کا ترک کرنا ناممکن ہوگا. بعض بچّوں کو جھوٹ بولنے کی عادت ہوتی ہے. اگر شروع سے ہی اس کو دور نہ کرو گے تو پھر کی اُس کا دُور ہونا مشکل ہوگا. ہم نے دیکھا ہے کہ جن کو بچپنے میں جھوٹ کی عادت پڑگئی ہے پھر عالم فاضل ہو کربھی اُن سے جھوٹ کی عادت نہیں چھوٹی ہے.

(حضرت مولوی حکیم نور الدین خلیفۃ المسیح الاوّل)

" بدر " ۲۸ جنوری ۱۹۰۸ء

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِO

# تعارف

ہم سب کے پیارے حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نور اللہ مرقدہٗ نے احمدی خواتین کو ایک نعرہ عنایت فرمایا تھا.

''سچّی احمدی کی ماں زندہ باد''

اس نعرہ کو قائم ودائم رکھنے کے لئے لجنہ اماءاللہ کراچی نے اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے ایسی ماؤں کی رہنمائی کے لئے جو بچوں کی تربیت کو خصوصی اہمیت دیں. ایسے تعلیمی نصاب مرتب کیے ہیں جو بچوں کی عمر کی مناسبت سے چھوٹے چھوٹے سوال جواب پر مشتمل ہیں. پانچ سال تک کی عمر کے لئے پہلا حِصّہ ''کونپل'' اسی سلسلے کی پہلی پیش کش ہے.

خدا کرے کہ ہماری مساعی بارآور ثابت ہوں اور لاکھوں کروڑوں کی تعداد میں مجاہد مائیں، مجاہد نسل کی تربیت کرکے مذکورہ نعرہ کو زندہ و پائندہ رکھیں، آمین

اس نصاب کی تیاری میں شعبہ اصلاح وارشاد اور شعبہ اشاعت کا تعاون شامل ہے۔ اس سلسلے میں ممدومعاون ممبرات کے لئے خصوصی دعا کی درخواست ہے.

# توحید

۱ **ماں** :۔ یہ پیارا پیارا بیٹا ہمیں کس نے دیا ہے؟

**بچّہ** :۔ اللہ تعالیٰ نے

۲ **ماں** :۔ کھانے کی چیزیں پھل دودھ سب کچھ کس نے دیا ہے؟

**بچّہ**:۔ اللہ تعالیٰ نے

۳ **ماں**:۔ چندا ماموں ،سورج، زمین کس نے بنائے ہیں ؟

**بچّہ**:۔ اللہ تعالیٰ نے

۴ **ماں**:۔ اللہ جی کا پورا نام کیا ہے؟

**بچّہ**:۔ اللہ تعالیٰ

۵ **ماں**:۔ اللہ تعالیٰ ایک ہے ؟

**بچّہ**:۔ اللہ تعالیٰ ایک ہے

۶ **ماں**:۔ اللہ اکبر کا مطلب کیا ہے؟

**بچّہ**:۔ اللہ سب سے بڑا ہے

۷ **ماں**:۔ اللہ تعالیٰ کے کتنے نام ہیں؟

**بچّہ**:۔ اللہ تعالیٰ کے بہت سارے نام ہیں

۸ **ماں**:۔ ایک تو ہے اللہ تعالیٰ اور

**بچّہ**:۔ رب ، رحمٰن ، رحیم

۹ ماں:۔ کلمہ سنائیے؟

بچّہ:۔ کلمہ طیّب۔ طیّب معنی پاک لَآ اِلٰہَ اِلَّااللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

۱۰ ماں:۔ لَآ اِلٰہَ اِلّااللّٰہُ کا کیا مطلب ہے؟

بچّہ:۔ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں

۱۱ ماں:۔ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کا مطلب بتائیے؟

بچّہ:۔ مُحَمَّدٌ (صَلَّی اللہ عَلَیْہِ وَسَلَّم ) اللّٰہ کےرسول ہیں

۱۲ ماں:۔ کلمہ پڑھنے والے کو کیا کہتے ہیں؟

بچّہ:۔ مسلمان

۱۳ ماں:۔ ارکان اسلام بتایئے

بچّہ:۔ کلمہ طیبہ ، نماز ، روزہ ، زکوٰۃ ، حج

## رسالت

۱ ماں:۔ آپ ہمیں ہمارے آقا کا نام بتایئے جو کلمہ طیبہ میں یاد کیا تھا؟

بچّہ:۔ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہ

۲ ماں:۔ یہ تو ٹھیک ہے مگر پیارے آقا کا پورا نام بتایئے حضرت ؟

بچّہ:۔ حضرت محمد مصطفیٰ

۳ ماں:۔ جب آقا جی کا نام لیتے ہیں تو کیا کہتے ہیں؟

بچّہ:۔ صَلَّی اللہ عَلَیْہِ وَسَلَّم

۴ ماں:۔ جب آقاجی کا نام سنتے ہیں تو کیا کہتے ہیں ؟

بچّہ:۔ صَلَّی اللہ عَلَیْہِ وَسَلَّم

۵ ماں:۔ ہم بات کرتے ہیں تو اپنے آقا کو آنحضور صَلَّی اللہ عَلَیْہِ وَسَلَّم بھی کہتے ہیں اور رسول کریم صَلَّی اللہ عَلَیْہِ وَسَلَّم بھی کہتے ہیں آپ بتایئں کہ آنحضور صَلَّی اللہ عَلَیْہِ وَسَلَّم کہاں پیدا ہوئے ؟

بچّہ:۔ مکّہ میں

۶ ماں:۔ آنحضور صَلَّی اللہ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے ابو جان کا کیا نام تھا؟

بچّہ:۔ حضرت عبداللہ

۷ ماں:۔اورآپ صَلَّی اللہ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی امیّ جان کا کیا نام تھا ؟

بچّہ:۔ حضرت آمنہ

۸ ماں:۔ آنحضور صَلَّی اللہ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے ہمیں کیا سکھایا؟

بچّہ:۔ سب اچھی اچھی باتیں

۹ ماں:۔ جب آپ صَلَّی اللہ عَلَیْہِ وَسَلَّم اللہ تعالیٰ کے پاس چلے گئے تو اچھی باتیں کس نے بتایئں ؟

بچّہ:۔ حضرت ابوبکر نے

۱۰ ماں:۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ۔ ان کو ہم خلیفہ کہتے ہیں ان کے بعد خلیفہ کون ہوئے ؟

بچّہ:۔ حضرت عمر

۱۱ ماں:۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ۔ اور پھر ان کے بعد؟

بچّہ:۔ حضرت عثمان رضی اللہ

۱۲ ماں:۔ شاباش رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ ۔ پھر ان کے بعد؟ بچّہ:۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ

# قرآن مجید

۱ ماں:۔سب سے پیاری کتاب کون سی ہے؟

بچّہ:۔ قرآنِ مجید

۲ ماں:۔ قرآن مجید ہمیں کس نے دیا ہے؟

بچّہ:۔ اللہ تعالیٰ نے

۳ ماں:۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کس کو دیا تھا؟

بچّہ:۔ حضرت محمد مصطفیٰ صَلَّی اللّٰہ عَلَیْہِ وَسَلَّم کو

۴ ماں:۔ قرآن مجید میں کیا لکھا ہے؟

بچّہ:۔ اچھی باتیں کرو۔ بُری باتیں نہ کرو

۵ ماں:۔ قرآنِ مجید کو کیسے ہاتھ لگاتے ہیں؟

بچّہ:۔ دھوکر۔ صاف کرکے

۶ ماں:۔ قرآن مجید کیوں پڑھتے ہیں؟

بچّہ:۔ اللہ پاک بہت خوش ہوتا ہے

۷ ماں:۔ قرآنِ مجید پڑھنے سے پہلے کیا پڑھتے ہیں؟

بچّہ:۔ اَعُوذُ بِا اللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ

۸ ماں:۔اس کا مطلب ہے میں خدا کی پناہ چاہتا ہوں دھتکا رے ہوئے (گندے) شیطان سے
اس کو تعوذ کہتے ہیں پھر۔

بچّہ:۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

9 ماں:۔اس کا مطلب توآپ کو آتا ہے۔ اسے تسمیہ کہتے ہیں۔

بچّہ:۔ میں شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سےجو بڑا مہربان اور باربار رحم کرنے والاہے

١٠ ماں:۔ اب وہ چھوٹی سی سورت بھی سناد یجئے جس کانام الکوثر ہے

بچّہ:۔ اَعُوۡ ذُ بِااللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیۡم

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِO اِنَّآ اَ عۡطَیۡنٰکَ الۡکَوۡ ثَرَ O فَصَلِّ لِرَ بِّکَ وَ ا نۡحَرۡO
اِنَّ شَا نِئَکَ ھُوَالۡاَ بۡتَرُO

١١ ماں:۔ میرے پیارے بچے کو تین سورتیں یاد ہیں سورۃ فاتحہ ،سورۃ اخلاص اور سورۃ الکوثر

# نماز

١ ماں:۔ مسلمان دن میں پانچ دفعہ کیا پڑھتے ہیں؟

بچّہ:۔ نماز

٢ ماں:۔ مسلمان کتنی نمازیں پڑھتے ہیں؟

بچّہ:۔ پانچ

٣ ماں:۔ آپ کی انگلیاں کتنی ہیں؟

بچّہ:۔ پانچ

۴ ماں:۔اب آپ ہر انگلی پر ایک نماز کا نام بتایئے؟

بچّہ:۔ فجر، ظہر، عصر، مغرب، عشاء

۵ **ماں:۔** فجر کی نماز کس وقت پڑھتے ہیں؟

**بچّہ:۔** صبح ،صبح

۶ **ماں:۔** ظہرکی نماز کس وقت پڑھتے ہیں؟

**بچّہ:۔** دوپہر کے بعد

۷ **ماں:۔** عصرکی نماز کس وقت پڑھتے ہیں؟

**بچّہ:۔** سہ پہر کے بعد

۸ **ماں:۔** مغرب کی نماز کس وقت پڑھتے ہیں؟

**بچّہ:۔** جب سورج چھپ جاتاہے۔ شام کو

۹ **ماں:۔** عشاء کی نماز کس وقت پڑھتے ہیں؟

**بچّہ:۔** رات کو سونے سے پہلے

۱۰ **ماں:۔** نماز سے پہلے کیا کرتے ہیں؟

**بچّہ:۔** وضو

۱۱ **ماں:۔** نماز میں کپڑے کیسے ہوتے ہیں ؟

**بچّہ:۔** صاف

۱۲ **ماں:۔** نماز کے لئے جائے نما ز پرکھڑے ہو کر کیا کہتے ہیں؟

**بچّہ:۔** **اَللّٰہُ اَکۡبَرُ**

۱۳ **ماں:۔** پھر ثنا پڑھتے ہیں؟

بچّہ:۔ سُبحٰنَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمۡدِ کَ وَ تَبا رَ کَ اسۡمُکَ وَ تَعَا لٰی جَدُّکَ وَلَآ اِ لٰہَ غَیۡرُ کَ۔

۱۴ ماں:۔ پھر تعوذ پڑھتے ہیں۔ اَ عُو ذُ بِا اللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّ جِیۡم ۔آ پ تسمیہ سنایئے

بچّہ:۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّ حۡمٰنِ الرَّ حِیۡمِ

۱۵ ماں:۔ اس کے بعد دُعا پڑھتے ہیں قرآن مجید کے پہلے صفحے والی سورت فاتحہ وہ سنایئے

بچّہ:۔اَلحَمۡدُلِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَO اَلرَّ حۡمٰنِ الرّحِیۡم O مَالِکِ یَوۡمِ الدِّ یۡنِ O اِیَّا کَ نَعۡبُدُ وَاِ یَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُO اِ ھۡدِ نَا الصِّرَا طَ الۡمُسۡتَقِیۡمَO صِرَاطَ الَّذِ یۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَیۡھِمۡO غَیۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَیۡھِمۡ وَلَا الضَّآ لِّیۡنَO

۱۶ ماں:۔ سورۃ اخلاص بھی یاد کروائی تھی جو قُلۡ سے شروع ہوتی ہے

بچّہ:۔ اَعُوۡ ذُ بااللّٰہ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیۡمO
بِسمِ اللّٰہِ الرَّ حۡمٰنِ الرَّ حِیۡمِO

۱۷ ماں:۔ شاباش اب قُلۡ سے

بچّہ:۔ قُلۡ ھُوَاللّٰہُ اَحَدٌO اَللّٰہُ الصَّمَدُO لَمۡ یَلِدۡ وَلَمۡ یُوۡ لَدۡO وَلَمۡ یَکُنۡ لَّہٗ کُفُوًااَحد''O

۱۸ ماں:۔ اچھا یہ بتایئے کہ کوئی نماز پڑھ رہا ہو تو آگے سے گزرنا چاہیئے یا نہیں؟

بچّہ:۔ بالکل نہیں

## احادیث

۱ ماں:۔ پیارے آقا حضرت محمدصَلَّی اللہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّم کی بات کو حدیث کہتے ہیں۔ آنحضورؐ کی بات کو کیا کہتے ہیں؟

بچّہ:۔ حدیث

۲ ماں:۔ حدیث یاد کرنے سے اللہ تعالیٰ بہت خوش ہوتا ہے کیونکہ یہ پیارے آقا کے منہ سے نکلی ہوئی باتیں ہیں میرے ساتھ کچھ حدیثیں دہرایئے اَلدِّ یْنُ اَلنَّصِیْحَۃُ

بچّہ:۔ اَلدِّ یْنُ النَّصِیْحَۃُ

۳ ماں:۔ اس کا مطلب بھی دہرایئے . دین سراسر بھلائی ہے

بچّہ:۔ دین سراسر بھلائی ہے

۴ ماں:۔ آپ کہیئے اَطِعْ اَبَاکَ

بچّہ:۔ اَطِعْ اَبَاکَ

۵ ماں:۔ اس کا مطلب ہے اپنے باپ کا کہنا مانو. اب کہیئے اَلْخَالَۃُوَالِدَۃٌ

بچّہ:۔ اَلْخَالَۃُوَالِدَۃٌ

۶ ماں:۔ اس کا مطلب ہے خالہ بھی ماں کی طرح ہوتی ہے۔

## سبق آموز جُملے

۱ ماں:۔ جب بھی کوئی کام کرو

بچّہ:۔ بسم اللہ پڑھ لیا کرو

۲ ماں:۔ اللہ اللہ کیا کرو

بچّہ:۔ نام نبیؐ کا لیا کرو

۳ ماں:۔ چڑیا چوں چوں کرتی ہے

بچّہ:۔ ننھی قاعدہ پڑھتی ہے

۴ **ماں:۔** کوّا کائیں کائیں کرتا ہے

**بچّہ:۔** ننھا قاعدہ پڑھتا ہے

۵ **ماں:۔** اب وہ والی نظم ہوجائے گنتی والی

**بچّہ:۔** ایک، دو، تین

٦ **ماں:۔** آؤ سیکھیں دین

**بچّہ:۔** چار، پانچ، چھ

۷ **ماں:۔** اپنے آقا سے

**بچّہ:۔** سات، آٹھ، نو، دس

۸ **ماں:۔** جو کہیں وہ کریں بس

**بچّہ:۔** جوکہیں وہ کریں بس

۹ **ماں:۔** ہمارا خدا

**بچّہ:۔** زندہ خدا

۱۰ **ماں:۔** ہمارا رسول

**بچّہ:۔** زندہ رسول

۱۱ **ماں:۔** ایک اور ایک ہوتے ہیں دو

**بچّہ:۔** نہ مارا نہ لڑا کرو

۱۲ **ماں:۔** چار ہوتے ہیں دو اور دو

بچّہ:۔ جو خود کھاؤ وہ سب کو دو

۱۳ ماں:۔ چار اور چار ہوتے ہیں آٹھ

بچّہ:۔ آؤ مل کر کھیلیں ساتھ

۱۴ ماں:۔ آٹھ اور آٹھ سولہ بنے

بچّہ:۔ گڈو راجا دولہا بنے

## دعائیں

۱ ماں:۔ علم بڑھانے کی دُعاسنایئے

بچّہ:۔ رَبِّ زِدْنِیْ عِلْماً

۲ ماں:۔ اس کا مطلب بھی بتایئے

بچّہ:۔ اے اللہ میرے علم کو بڑھا

۳ ماں:۔ آمین. ایک چھوٹی سی دعا یا حفیظُ والی

بچّہ:۔ یَا حَفِیْظُ یَا عَزِیْزُ یَارَفِیْقُ

ماں:۔ اے محافظ ! اے غالب! اے رفیق اللہ تعالیٰ میرے بچے کو نیک بنا. آمین

## احمدیت

۱ ماں:۔ ہم کون ہیں؟

بچّہ:۔ ہم احمدی ہیں

۲ ماں:۔ احمدی کیا کہتے ہیں؟

**بچّہ:۔** احمدی کہتے ہیں مہدی آگئے ہم نے مان لیا

۳ **ماں:۔** مہدی کو اور کیا کہتے ہیں؟

**بچّہ:۔** مسیح موعود

۴ **ماں:۔** ہم جن کو مسیح اور مہدی مانتے ہیں اُن کا نام کیا ہے؟

**بچّہ:۔** حضرت مرزا غلام احمد قادیانی

**ماں:۔** علیہ السلام.

۵ **ماں:۔** ہمارے حضور کا کیا نام ہے؟

**بچّہ:۔** حضرت مرزا مسرور احمد صاحب

۶ **ماں:۔** اللہ پاک ان کو سلامت رکھیں اور ہر نیک ارادے میں برکت دیں .آمین
آپ بتایئے کہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے ہم کو کیا سکھایا.

**بچّہ:۔** اللہ پاک کی باتیں. پیارے آقا حضرت محمدصَلَّی اللہ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی باتیں اور قرآن کی باتیں

۷ **ماں:۔** احمدی بچے کس چیز سے نفرت کرتے ہیں

**بچّہ:۔** جھوٹ سے

۸ **ماں:۔**آپ بڑے ہو کر کیا کریں گے

**بچّہ:۔** دین کی خدمت

۹ **ماں:۔** دین کا جھنڈا

**بچّہ:۔** اونچا رہے گا ۱۰ **ماں:۔** احمدیت **بچّہ:۔** زندہ باد

# حصّۂ نظم

۱ ۔ کبھی نُصرت نہیں ملتی درِمولیٰ سے گندوں کو
کبھی ضائع نہیں کرتا وہ اپنے نیک بندوں کو
وہی اُس کے مُقَرَّب ہیں جو اپنا آپ کھوتے ہیں
نہیں راہ اس کی عالی بارگہ تک خود پسندوں کو
یہی تدبیر ہے پیارو کہ مانگو اُس سے قُربت کو
اُسی کے ہاتھ کو ڈھونڈو جلاؤ سب کمندوں کو

۲ ۔ قرآن سب سے اچھا قرآن سب سے پیارا
قرآن دِل کی قوت قرآن ہے سہارا
اللہ میاں کا خط ہے جو میرے نام آیا
اُستانی جی پڑھاؤ جلدی مجھے سیپارا
پہلے تو ناظرے سے آنکھیں کروں گی روشن
پھر ترجمہ سکھانا جب پڑھ چکوں میں سارا
مطلب نہ آئے جب تک کیونکر عمل ہے ممکن
بے ترجمے کے ہرگز اپنا نہیں گزارا
یاربّ تو رحم کرکے ہم کو سکھادے قرآں
ہر دُکھ کی یہ دَوا ہو ہر دَرد کا ہو چارا
دل میں ہو میرے ایماں سینے میں نُورِ فُرقاں
بن جاؤں پھر تو سچ مچ میں آسماں کا تارا

## احمدی بچّی کی دُعَا

الٰہی مجھے سیدھا رستہ دکھا دے
مری زندگی پاک و طیب بنا دے
مجھے دین و دُنیا کی خوبی عطا کر
ہر اِک درد اور دُکھ سے مجھ کو شفا دے
زباں پر مری جُھوٹ آئے نہ ہرگز
کچھ ایسا سبق راستی کا پڑھا دے
گناہوں سے نفرت بدی سے عداوت
ہمیشہ رہیں دل میں اَچھے ارادے
ہر اک کی کروں خدمت اور خیر خواہی
جو دیکھے وہ خوش ہو کے مجھ کو دُعا دے
بڑوں کا اَدب اور چھوٹوں سے شفقت
سَرا سَر محبت کی پُتلی بنا دے
بنوں نیک اور دوسروں کو بناؤں
مجھے دین کا عِلم اتنا سکھا دے
خوشی تیری ہو جائے مقصود اپنا
کچھ ایسی لگن دِل میں اپنی لگا دے
غِنا دے سَخا دے حیا دے وفا دے
ہُدیٰ دے تُقیٰ دے لِقا دے رضا دے
مِرا نام ابّا نے رکھا ہے مریم
خدایا تو صدیقہ مجھ کو بنا دے

# آداب

۱ **ماں**:۔ جب کوئی آواز دے تو کیا کہتے ہیں

**بچّہ**:۔ ' جی ' کہتے ہیں

۲ **ماں**:۔ جب کسی سے ملتے ہیں تو کیا کہتے ہیں

**بچّہ**:۔ السلام علیکم

۳ **ماں**:۔ جب کوئی بات کررہا ہو تو بچّے

**بچّہ**:۔ خاموشی سے سنتے ہیں

۴ **ماں**:۔ ہنستے کھیلتے بچّے

**بچّہ**:۔ سب کو اچھے لگتے ہیں

۵ **ماں**:۔ رونے والے بچّے

**بچّہ**:۔ سب کو گندے لگتے ہیں

۶ **ماں**:۔ اچھے بچّے کیا کرتے ہیں

**بچّہ**:۔ کہنا مانتے ہیں

۷ **ماں**:۔ اور

**بچّہ**:۔ ضد نہیں کرتے

۸ **ماں**:۔ اور

**بچّہ**:۔ صاف رہتے ہیں

۹ ماں:۔ اور

بچّہ:۔ سچ بولتے ہیں

۱۰ ماں:۔ جب کوئی چیز دے تو

بچّہ:۔ جَزَاكَ اللّٰه کہتے ہیں

۱۱ ماں:۔ جب چھینک آئے تو کیا کہنا چاہیے

بچّہ:۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ

۱۲ ماں:۔ جب کوئی چیز دے تو کس ہاتھ میں لیتے ہیں

بچّہ:۔ دائیں ہاتھ سے

۱۳ ماں:۔ کھانا کس ہاتھ سے کھاتے ہیں

بچّہ:۔ دائیں ہاتھ سے

۱۴ ماں:۔ کھانا کہاں سے کھاتے ہیں

بچّہ:۔ اپنے آگے سے

۱۵ ماں:۔ کھانے سے پہلے کیا پڑھتے ہیں

بچّہ:۔ بِسْمِ اللّٰهِ وَعَلٰی بَرَكَتِ اللّٰهِ

۱۶ ماں:۔ اور کھانے کے بعد

بچّہ:۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ

۱۷ ماں:۔ جب کسی کے گھر یا مسجد میں جاتے ہیں تو کیسے بیٹھتے ہیں

بچّہ:۔ خاموشی سے

# ہدایات

خدا تعالیٰ کے کرم سے جماعت کے لئے قاعدہ یسّرناالقرآن کی صورت میں بچّوں کو قرآنِ پاک سکھانا بہت آسان ہوگیا ہے.ساڑھے تین سال کے بچّوں کو بلاکوں پر یا گتّے کے ٹکڑوں پر ا ب ت لکھ کر پہچاننے کی عادت ڈالی جائے چار ساڑھے چار سال تک قاعدہ یسّرناالقرآن مکمل کروا دیاجائے. قاعدے کے آخری صفحات باربار سنے جائیں.

سوال و جواب بچّوں کو یکدم حفظ کرانے پرزور نہ دیجئے. ان کے سامنے باربار اس کے اسباق دہرایئے. آہستہ آہستہ یہ اُن کے ذہن کا جزو بن جائیں گے. یا اِن سوالات کا کیسٹ تیار کرکے بچّے کے کمرے میں باربارلگایئے بچّہ کھیلتا کھیلتا ان جملوں کو یادکرلےگا. انشاء اللہ